# 15-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔لوک سبھا میں آج پیش کردہ وکست بھارت شکشا ادھیشٹان بل غور کیلئے مشترکہ پارلیمنٹری کمیٹی کو روانہ۔

۲۔ریاست میں پرسوں ہونے والے تیسرے مرحلہ کے پنچایت انتخابات کیلئے آج شام پانچ بجے انتخابی مہم کا اختتام۔

۳۔حیدرآباد کے انچارج وزیر پونم پربھاکر نے کہا عوام کی سہولت کیلئے گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن میں از سر نو حد بندی کا عمل۔

اور

۴۔ریاست میں اگلے دو دنوں کے دوران اقل ترین درجہ حرارت میں چار ڈگری کی کمی کی محکمہ موسمیات کی پیش قیاسی۔

Award:

ریاست تلنگانہ کو باوقار نیشنل انرجی کنزرویشن ایوارڈ حاصل ہوا۔مرکزی وزارتِ برقی سے متعلق بیورو آف انرجی ایفی شینسی کی جانب سے ہر سال یہ ایوارڈ دیا جاتا ہے۔سال 2025ء کیلئے یہ اعزاز تلنگانہ کو حاصل ہوا۔بی ای ای نے اعلان کیا کہ ریاست میں ٹی جی ریڈکو کے زیر اہتمام ایندھن سے متعلق تحفظ کے پروگرامس کا جائزہ لینے کے بعد یہ اعلان کیا گیا ہے۔نئی دہلی کے وگنان بھون میں منعقدہ تقریب میں صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو کے ہاتھوں پرنسپل سکریٹری محکمہ انرجی ،نوین متل نے یہ ایوارڈ حاصل کیا۔

KCR

بی آر ایس کے صدر و سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ کی صدارت میں بی آر ایس کی جانب سے اس مہینہ کی 19 تاریخ کو بی آر ایس ایل پی اور ریاستی سطح کے ارکانِ عملہ کا اجلاس منعقد ہوگا۔ پارٹی ذرائع کے مطابق تلنگانہ بھون میں کے سی آر کی زیر قیادت یہ اجلاس منعقد ہوگا۔ اس اجلاس میں مختلف امور پر کے سی آر تبادلہ خیال کریں گے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق خاص طور پر دریائے کرشنا اور گوداوری کے پانی کے مسئلہ پر کانگریس کے لاپرواہانہ موقف، پارٹی کے تنظیمی فیصلے، مستقبل میں عوامی تحریک، آبپاشی کے حقوق کے معاملہ میں بی آر ایس کے موقف اور کانگریس حکومت کی جانب سے ریاست کے ساتھ ناانصافی کے فیصلوں پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

green energy

ریاستی محکمہ توانائی کی جانب سے تلنگانہ میں گرین انرجی کی پیداوار اور اس کے استعمال میں مزید اضافہ کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اسی کے حصہ کے طور پر طلبہ میں شعور بیداری لانے کے ساتھ ساتھ نوجوانوں میں اس تعلق سے صلاحیتوں میں اضافہ کا منصوبہ ہے۔ اس سلسلہ میں حکومت کو پیش کرنے کی تجویز تیار کی جارہی ہے۔ اسکولس اور کالجس میں گرین انرجی کی پیداوار اور استعمال پر مبنی اسباق کی شمولیت کا منصوبہ ہے۔ اسی کے حصہ کے طور پر گرین کرریکولم کی تیاری کرتے ہوئے تدریس کیلئے درکار اقدامات کرنے اور اس کے لئے تربیت دینے کی بھی تجویز ہے۔ ہر ضلع میں گرین ایمپلائمنٹ مشن کے قیام کا بھی منصوبہ ہے۔

Punnam

حیدرآباد کے انچارج وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کی ازسرنو حد بندی کا عمل عوام کو تمام کی سہولیات کی فراہمی کے مقصد سے ہی کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ سائنسی طریقہ سے وارڈس کی ازسرنو حد بندی سے ہر علاقہ کو مناسب سیاسی نمائندگی حاصل ہوگی۔انہوں نے مزید کہا کہ وارڈس کی ازسرنو حد بندی سے معیاری سہولتوں کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ ریاستی وزیر نے مزید کہا کہ جی ایچ ایم سی میں ضم ہونے والے 20 بلدیات اور 7 میونسپل کارپوریشنس کے علاقوں کی جامع ترقی آسان ہوگی۔اسمارٹ سٹی، میٹرو، ایکسپریس کوریڈور کی تعمیر ،انفرااسٹرکچر کی ترقی اور ماحولیاتی منصوبہ میں ازسرنو حد بندی سودمند ثابت ہوگی۔ریاستی وزیر نے مزید کہا کہ ازسرنو حد بندی سے متعلق ابتدائی نوٹیفکیشن پر اعتراضات قبول کئے جارہے ہیں۔آج اور کل بھی جی ایچ ایم سی میں اعتراضات قبول کئے جائیں گے۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ دہلی کے رام لیلہ میدان میں ووٹ چوری کے نام سے کانگریس پارٹی کی جانب سے منظّم دھرنا بالکلیہ طور پر ناکام رہا۔انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہا کہ اس دھرنے میں کانگریس کے الزامات کو عوام نے مسترد کردیا۔راہول گاندھی نے اپنی ناکامیوں کو چھپانے کے لئے یہ پروگرام منعقد کیا۔

State Daak Adalat

پوسٹل ڈپارٹمنٹ نے اعلان کیا ہے کہ ریاست سے متعلق انڈیا پوسٹ کی خدمات پر عوامی شکایت اور درخواستوں کی یکسوئی کیلئے اِس مہینہ کی 29 تاریخ کو ریاستی سطح پر ڈاک عدالت کا انعقاد عمل میں لایا

جارہا ہے۔ یہ ڈاک عدالت آن لائن ورچول طریقہ سے تلنگانہ سرکل چیف پوسٹ ماسٹر جنرل کی قیادت میں ہوگی۔ عہدیداروں نے واضح کیا کہ عملہ سے متعلق مسائل، سرویس میٹرس اور عدالتوں میں زیرالتوا مقدمات اس ڈاک عدالت میں قبول نہیں کیئے جائیں گے۔ مشورہ دیا گیا ہے کہ ریاست تلنگانہ سے متعلق انڈیا پوسٹ خدمات کی شکایت پر 22 ڈسمبر سے قبل حیدرآباد میں واقع چیف پوسٹ ماسٹر جنرل کے دفتر کو روانہ کی جاسکتی ہے۔

SP

راجنا سرسلہ ایس پی مہیش بی گیتے نے ایک بیان میں کہا ہے کہ گرام پنچایت انتخابات کا عمل مکمل ہونے تک انتخابی ضابطہ اخلاق نافذ العمل رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ نتائج کے اعلان کے بعد کامیاب امیدواروں، ان کی حامیوں کی جانب سے جشن کی ریالیوں، اجلاس، بائیک ریالیوں اور ڈی جے پر پابندی عائدرہے گی۔

Result

ریاست میں کل منعقدہ دوسرے مرحلہ کے گرام پنچایت ، سرپنچ، وارڈممبرس کے انتخابات میں کانگریس پارٹی کے تائیدی امیدواروں نے زیادہ نشستوں پر کامیابی حاصل کی۔ بی آرایس کے تائیدی امیدوار دوسرے نمبر پر رہے جبکہ آزاد امیدوار تیسرے مقام پر اور بی جے پی کے تائید امیدوار چوتھے مقام پر رہے۔

Medaram

ریاستی وزیر سیتا اکا نے کہا ہے کہ میڈارم شری سمکاں سارالماں مندر کے ترقیاتی کام مقررہ وقت میں مکمل کرلئے جائیں۔ انہوں نے آج بھدراچلم کے رکن اسمبلی ٹی وینکٹ راؤ کے ساتھ ضلع ملگ

میں واقع سمکاں سارالماں مندر کے گدوں کی عصری ترقی کے کاموں کا جائزہ لیا۔قبل ازیں انہوں نے اماں واری کے درشن کئے اوراس کے بعد ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر سیتاا کانے کہا کہ تعمیراتی کام معیاری طریقہ سے جلد سے جلد مکمل کر لئے جائیں۔

Pracharam

ریاست میں گرام پنچایت انتخابات کے آخری مرحلہ کی انتخابی مہم آج شام اختتام کو پہنچی۔جس کے ساتھ ہی مائیک بند ہوگئے اورعہدیداروں کی جانب سے مائیک اور جھنڈی نکالے جارہے ہیں۔ انتخابی ضابطہ اخلاق نافذ العمل ہے۔اسی کے پیش نظر جن علاقوں میں آخری مرحلہ کے تحت پولنگ ہونے والی ہے وہاں آج شام پانچ بجے شراب کی دوکانوں کو بند کردیا گیا۔ پرسوں شام پانچ بجے شراب کی دوکانیں کھولی جائیں گی۔

Polling

ریاست میں آخری مرحلہ کے پنچایت انتخابات کیلئے پولنگ چہارشنبہ کے دن ہوگی۔اس مرحلہ کے تحت جملہ 4 ہزار 158 سرپنچ حلقوں میں سے 394 مقامات پر اتفاقِ رائے سے انتخاب عمل میں آیا۔ دیگر وجوہات کی بنا پر 11 مواضعات انتخابات سے دور رہے جبکہ بقیہ 3 ہزار 752 مقامات پر جملہ 12 ہزار 640 سرپنچ امیدوار مقابلہ کررہے ہیں۔تیسرے مرحلہ کے تحت جملہ 36 ہزار 434 وارڈس میں انتخابات ہونے والے تھے لیکن ان میں سے 7 ہزار 916 حلقوں میں وارڈ ممبرس کا اتفاق رائے سے انتخاب عمل میں آیا جبکہ بقیہ 28 ہزار 406 وارڈس کیلئے 75 ہزار 283 امیدوار مقابلہ کررہے ہیں۔علاوہ ازیں 112 وارڈس میں مختلف وجوہات کی بناپر انتخابات نہیں ہورہے ہیں۔

Weather

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے بعض اضلاع میں سرد ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔آج اور کل ریاست میں اقل ترین درجہ حرارت کے معمول سے تین تا چار ڈگری کم درج ہونے کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔

Mahesh Kumar Goud

پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے کہا ہے کہ پنچایت انتخابات کے دوسرے مرحلہ کے نتائج ریاست کی دیہی سیاست میں واضح تبدیلی کا اشارہ ہے۔اس سلسلہ میں انہوں نے ایک بیان جاری کیا۔انہوں نے کہا کہ یہ دیہی علاقوں کے ووٹرس کی جانب سے موثر حکمرانی پر یقین کی علامت ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ یہ نتائج ثابت کرتے ہیں کہ کانگریس حکمرانی سے متعلق دیہی علاقوں کی عوام خوش ہیں اور یہ فیصلہ اس کا آئینہ دار ہے۔

JEE

جے ای ای اڈوانسڈ 2026ء کے داخلہ امتحان سے متعلق نصاب آئی آئی ٹی رورکی، کی جانب سے کل جاری کیا گیا۔اگلے سال 17 مئی کو جے ای ای اڈوانسڈ امتحان کے انعقاد کیلئے ابھی سے ہی شیڈول کو قطعیت دے دی گئی ہے۔عہدیداروں کی جانب سے اس مہینہ کی 5 تاریخ کو امتحان سے متعلق ویب سائٹ پر آئی آئی ٹی رورکی، دستیاب رکھی گئی ہے۔متعلقہ ذرائع نے واضح کیا ہے کہ نصاب میں کسی بھی قسم کی تبدیلی نہیں ہے۔

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے تارک راما راؤ نے اعلان کیا ہے کہ ریاست میں نومنتخب سرپنچوں کو مشکلات سے دوچار کرنے پر خاموشی اختیار نہیں کی جائے گی۔ ان کے تحفظ کیلئے ہر ضلع میں بی آر ایس پارٹی کی جانب سے انصاف سے متعلق خصوصی شعبہ قائم کیا جائیگا۔انہوں نے ضلع سرسلہ میں دوسرے مرحلہ میں کامیاب بی آر ایس کے تائیدی سرپنچوں کی تہنیتی تقریب کے موقع پر خصوصی ہدایت دی۔اس موقع پر کے ٹی آر نے کہا کہ سرپنچ انتخاب میں کامیاب ہونے والے بی آر ایس کے تائیدی امیدوار کانگریس پارٹی س ہرگز خوفزدہ نہ ہوں۔

Sound Byte.

Bills

لوک سبھا میں آج پیش کردہ وکست بھارت شکشا ادھیشٹان بل 2025ء کوغور کیلئے مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو روانہ کیا گیا۔آج دوپہر التوأ کے بعد لوک سبھا کا اجلاس شروع ہوا۔مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے یہ بل پیش کیا۔ اپوزیشن نے اس بل کی مخالفت کی۔اس موقع پر پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے بتایا کہ بزنس اڈوائزری کمیٹی کے اجلاس میں بعض ارکانِ پارلیمنٹ نے اس بل پر جامع مذاکرات پر زور دیا تھا۔انہوں نے کہا کہ ان اعتراضات پرغور کرتے ہوئے اِس بل کومشترکہ پارلیمانی کمیٹی کوبھجوانے کی حکومت نے تجویز رکھی۔

OO